© rasailojaraid.com

مختلف صنعتوں میں جو قطعات تاریخِ وفات کہے ہیں یہ مجموعہ اُن پر مشتمل ہے۔ شروع میں صبا متھراوی صاحب کے قلم سے ایک معلومات افزا اور لائقِ مطالعہ مقالہ ہے جس میں تاریخی اور فنی اعتبار سے تاریخ گوئی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اُس کے بعد مرحوم کے حالات و سوانح اور ان کی شاعری پر تبصرہ خورشید علی صاحب مہرجے پوری اور سید اشرف صاحب ہاشمی لکھنوی کے قلم سے علی الترتیب ہے۔ اس طرح ادبی اور فنی اعتبار سے بھی یہ کتاب مطالعہ کے لائق ہے۔

بستانِ حرم ۔ از جناب حمید صدیقی صاحب لکھنوی۔ تقطیع خورد۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت مجلد ایک روپیہ پچاس پیسے۔ پتہ:۔ ادارہ فروغ اردو لکھنؤ۔

حمید صدیقی اور اردو میں نعت گوئی یہ دونوں اب ایسے لازم و ملزوم ہو گئے ہیں کہ ایک کا نام لیجئے تو ذہن فوراً دوسرے کی طرف منتقل ہوجاتا ہے۔ اگر واقعی زبانِ خلق نقارۂ خدا ہوتی ہے تو شاعری کی یہ عام مقبولیت اور شہرت اس بات کی دلیل ہے کہ اُن کا کلام بارگاہِ ایزدی میں بھی مقبول و مستجاب ہے۔ اس کے بعد اس کلام پر نہ مزید تبصرہ کی ضرورت ہے اور نہ اس کے تعارف کی! اس مجموعہ میں تیس نظمیں ہیں، کیف و سرور اور جذب و وجد کی کیفیت کے لحاظ سے ایک سے ایک بڑھکر۔ پھر زبان و بیان کی صفائی ستھرائی، سلاست اور شگفتگی اُس پر مستزاد، پڑھتے جائیے اور جھومتے جائیے اور چشم تصور میں بار بار گنبدِ خضرا کے جلوے گذرتے رہیں تو آنسوؤں کی چادر نذر کرتے رہیئے۔ شروع میں مولانا صبغۃ اللہ شہید فرنگی محلی کا جو خود بڑے اچھے نعت گو شاعر اور عالم ہیں ایک دلچسپ اور ولولہ انگیز مقدمہ ہے جو بذاتِ خود پڑھنے کے لائق ہے۔ اس مجموعہ کی چیدہ چیدہ نظمیں اگر مسلمان گھرانوں میں وقتاً فوقتاً اجتماعی طور پر پڑھی جائیں تو ایمان و حبِّ نبوی میں اضافہ کا موجب ہونگی۔

(۱) **حریم نور**۔ ضخامت ۱۲۸ صفحات۔ قیمت مجلد دو روپے پچاس پیسے
(۲) **نغمۂ روح**۔ ضخامت ۸۰ صفحات۔ قیمت تین روپے مجلد
} از جناب صادق دہلوی تقطیع خورد۔ کتابت و طباعت بہتر پتہ:۔ کتب خانہ رشیدیہ۔ اُردو بازار جامع مسجد دہلی - ۶

صادق صاحب دہلوی فطری شاعر ہیں اور اُس کی دلیل یہ ہے کہ اعلیٰ تعلیم کے فقدان اور معاش کا

© rasailojaraid.com